**ویکسین سے متعلق معلومات کا بیان**

Many Vaccine Information Statements are available in Urdu and other languages. See www.immunize.org/vis

ٹیکے کی معلومات کے بہت سارے بیانات اردو اور دوسری زبانوں میں دستیاب ہیں۔ www.immunize.org/vis کریں مالحظہ

# Td (تشنج، خناق) کی ویکسین:
## *آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے*

## 1. ویکسین کیوں لگوائیں؟

**Td کی ویکسین تشنج** اور **خناق** سے بچا سکتی ہے۔

تشنج جسم میں کٹس یا زخموں کے ذریعے داخل ہوتا ہے۔ خناق ایک شخص سے دوسرے شخص میں پھیلتا ہے۔

- **تشنج (ٹیٹنس)** (TETANUS, T) پٹھوں کی دردناک اکڑن کا سبب بنتا ہے۔ تشنج صحت کے سنگین مسائل کا باعث بن سکتا ہے، بشمول منہ کھولنے سے قاصر ہونا، نگلنے اور سانس لینے میں دشواری، یا موت۔
- **خناق** (DIPHTHERIA, D) سانس لینے میں دشواری، دل کی ناکامی، فالج یا موت کا باعث بن سکتا ہے۔

## 2. Td کی ویکسین

Td صرف 7 سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچوں، نوعمروں اور بالغوں کے لیے ہے۔

Td عام طور پر **ہر 10 سال بعد بوسٹر خوراک کے طور پر دی جاتی ہے**، یا 5 سال کے بعد کسی شدید یا گندے زخم یا جلنے کی صورت میں۔

ایک اور ویکسین، جسے "Tdap" کہا جاتا ہے Td کے بجائے استعمال کی جا سکتی ہے۔ Tdap تشنج اور خناق کے علاوہ پرٹیوسس جسے کالی کھانسی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، سے بچاتی ہے۔

Td دوسرے ٹیکوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں بحفاظت دیا جا سکتا ہے۔

## 3. اپنے نگہداشت صحت فراہم کننده سے بات کریں

اپنے ویکسین فراہم کننده کو بتائیں اگر جو شخص ویکسین لے رہا ہے اسے:

- **کسی بھی ویکسین جو تشنج، یا خناق سے حفاظت کرتی ہو، کی پچھلی خوراک کے بعد ایک الرجی زا ردِعمل ہوا ہو،** ، یا کوئی **شدید، جان لیوا الرجیاں ہوں**
- کبھی **Guillain-Barré Syndrome** (جسے "GBS" بھی کہا جاتا ہے) رہا ہو
- **کسی بھی ایسی ویکسین، جو تشنج یا خناق سے بچاتی ہے کی پچھلی خوراک کے بعد شدید درد یا سوجن ہو**

کچھ معاملات میں، آپ کا نگہداشت صحت فراہم کننده مستقبل کی کسی ملاقات تک Td ویکسینیشن کو ملتوی کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔

نزلے جیسی معمولی بیماریوں میں مبتلا افراد کو، ٹیکہ لگایا جا سکتا ہے۔ جو لوگ تھوڑے بہت یا شدید بیمار ہیں انہیں عام طور پر Td ویکسین لگوانے سے پہلے صحت یاب ہونے تک انتظار کرنا چاہیے۔

آپ کا نگہداشت صحت فراہم کننده آپ کو مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

## 4. ویکسین کے ردِعمل کے خطرات

- Td ویکسینیشن کے بعد ٹیکہ لگنے والی جگہ پر درد، لالی، یا سوجن ہو سکتی ہے، ہلکا بخار، سر درد، تھکاوٹ کا احساس، اور متلی، قے، اسہال، یا کبھی کبھی پیٹ میں درد ہوتا ہے۔

لوگ بعض اوقات طبی طریقہ کار، بشمول ویکسینیشن کے بعد بےہوش ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو چکر آ رہا ہے یا آپ کی بصارت میں تبدیلی آئی ہو یا کانوں میں گھنٹیاں بج رہی ہوں تو اپنے فراہم کنندہ کو بتائیں۔

کسی بھی دوا کی طرح، ویکسین کے شدید الرجی زا ردِعمل، دیگر سنگین چوٹ، یا موت کا باعث بننے کا بہت کم امکان ہوتا ہے۔

## 5. اگر کوئی سنگین مسئلہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین شدہ شخص کے کلینک سے نکلنے کے بعد الرجی زا ردِعمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو شدید الرجی زا ردِعمل کی علامات نظر آئیں (چھپاکی، چہرے اور گلے میں سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی تیز دھڑکن، چکر آنا، یا کمزوری)، تو **9-1-1** کو کال کریں اور اس شخص کو قریبی ہسپتال لے جائیں۔

دیگر ایسی علامات کے لیے، جو آپ کے لیے تشویش کا باعث ہوں، اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ کو کال کریں۔

ویکسین کے ناموافق واقعہ کے رپورٹنگ سسٹم (Vaccine Adverse Event Reporting System, VAERS) کو منفی ردِعمل کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ آپ کا نگہداشت صحت فراہم کنندہ عام طور پر یہ رپورٹ درج کرائے گا، یا آپ خود بھی کرا سکتے ہیں۔ VAERS ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** ملاحظہ کریں یا **1-800-822-7967** پر کال کریں۔ *VAERS صرف ردعمل کی اطلاع دینے کے لیے ہے، اور VAERS کے عملے کے اراکین طبی مشورہ نہیں دیتے ہیں۔*

## 6. نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام

نیشنل ویکسین انجری کمپنسیشن پروگرام (National Vaccine Injury Compensation Program, VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جو ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا جنہیں کچھ ویکسینوں سے ضرر پہنچا تھا۔ ویکسینیشن کی وجہ سے مبینہ چوٹ یا موت کے حوالے سے دعوے دائر کرنے کے لیے ایک وقت کی حد ہے، جو دو سال تک مختصر ہو سکتی ہے۔ پروگرام کے بارے میں جاننے اور دعوی دائر کرنے کے بارے میں VICP کی ویب سائٹ **www.hrsa.gov/vaccinecompensation** ملاحظہ فرمائیں یا **1-800-338-2382** پر کال کریں۔

## 7. میں مزید کیسے جان سکتا ہوں؟

- اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو کال کریں۔
- ویکسین پیکج کی پرچی اور اضافی معلومات کے لیے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (Food and Drug Administration, FDA) کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں **www.fda.gov/vaccines-blood-biologics/vaccines**۔
- بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز (Centers for Disease Control and Prevention, CDC) سے رابطہ کریں:
  - کال کریں **1-800-232-4636** (**1-800-CDC-INFO**) پر یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/vaccines** ملاحظہ کریں۔

Urdu translation provided by Immunize.org